انڈویجوئل لینڈ
انفرادی آزادی کے لئے کوشاں

# گوادر

## کیا آپکو معلوم ہے؟

- آپ کے ضلع میں تعلیم کے شعبے کے لیے کتنا بجٹ مختص کیا گیا ہے؟
- صحت کی مد میں مختص کیئے جانے والے بجٹ کا استعمال کس طرح ہورہا ہے؟
- امن وامان کی مد میں مختص کیا گیا بجٹ ضروریات کے مطابق ہے یا نہیں؟
- پانچ اہم شعبوں صحت، تعلیم، خواتین کی ترقی، امن وامان اور تعمیر و ترقی کی مد میں کتنا بجٹ مختص کیا گیا ہے؟



## 'شہریوں کا بجٹ' تشکیل دینا

ضلعی بجٹ کی تقسیم کا تجزیہ کرنے کے بعد، زیارت کے لوگوں نے خود اپنا بجٹ پیش کیا۔ان کی جانب سے جن ترجیحات کو نمایاں کیا گیا وہ یہ ہیں:

### صحت:

- طبّی عملے کی تنخواہوں میں اضافہ ہونا چاہیئے۔
- الاؤنسز کے لیے مناسب بجٹ تشکیل دینے کی ضرورت ہے۔
- مراکز صحت میں جنریٹرز موجود ہونے چاہیئے۔
- مزید ایمبولینسیز فراہم کی جانی چاہیئے۔
- مزید ایمر جنسی مراکز قائم کرنے کے لئے بجٹ مختص کیا جانا چاہیئے۔
- طبّی عملے کے لئے ٹرانسپورٹ کی سہولیات میں بہتری لائی جانی چاہیئے۔
- ضلع کی آبادی کی ضروریات پوری کرنے کے لئے مزید مراکز صحت قائم کئے جانے چاہیئے۔

### تعلیم:

- مزید اساتذہ بھرتی کرنے کی ضرورت ہے۔
- اساتذہ کی تربیت کے لئے بجٹ مختص کیا جانا چاہیئے۔
- طالب علموں کی استعداد سازی اور ان کی غیر نصابی سرگرمیوں کے لئے بجٹ مختص کیا جانا چاہیئے۔
- اساتذہ کے لئے رہائشی علاقہ قائم کیا جانا چاہیئے۔
- تعلیمی نظام میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کو متعارف کرایا جانا چاہیئے۔
- شہر میں بورڈ کے دفاتر قائم کئے جائیں (سکینڈری اور ہائر سیکنڈری)
- محکمہ تعلیم کے افسران کو چاہیئے کہ وہ متعدد بار اسکولوں کو مانیٹر کریں۔
- اسکینڈری، ہائراسیکنڈری اور اعلیٰ سطح پر وظائف کی سکیمیں متعارف کروائی جانی چاہیئں۔
- ڈیجیٹل لائبریریاں اور کمپیوٹر لیبارٹریاں قائم کی جانی چاہیئں۔

### تعمیر و ترقی:

- شہر میں ایک میڈیکل کالج ہونا چاہیئے۔
- مچھلی فیکٹری کے لئے عمارت تعمیر کرنے کی ضرورت ہے۔
- میوزیم کی اشیاء کو محفوظ رکھنے کے لئے اس کی دیکھ بھال کی جانی چاہیئے۔
- عملے کے ارکان کی تنخواہوں میں اضافہ کرنے کی ضرورت ہے۔

### امن وامان:

- کمیونٹی پر مبنی پولیس کے نظام کو فروغ دینے کے لئے پولیس افسران کی تربیت کی جانی چاہیئے۔
- شہریوں اور پولیس میں رابطہ / تعاون میں اضافہ ہونا چاہیئے۔
- شہری دفاع کی تربیت دی جانی چاہیئے۔
- خواتین قیدیوں کو علیحدہ سہولتیں فراہم کی جانی چاہیئں۔
- قیدیوں کی بہبود کی لئے ایک پروگرام متعارف کروانا چاہیئے۔
- عملے کے ارکان کی تنخواہوں اور پنشنز کے لئے مناسب بجٹ مختص کیا جانا چاہیئے۔
- ایندھن اور دیکھ بھال کے اخراجات کے لئے مناسب بجٹ مختص کیا جانا چاہیئے۔

### نوٹ:

مندرجہ بالا تمام مطالبات گوادر کے شہریوں نے ضلعی بجٹ کا موازنہ اور تجزیہ کرنے اور تحقیق کے بعد اپنی ترجیحات کو سامنے رکھتے ہوئے پیش کیے ہیں۔ان ضروریات کا مطالبہ انڈویجوئل لینڈ کی جانب سے نہیں کیا گیا۔


Find us
Individualland
Individualland
Tel: 051-2253438
contact@individualland.com
www.individualland.com

بجٹ کی تمام تفصیلات جاننا آپ کا حق ہے کیونکہ بجٹ کے لیے مختص کی جانے والی رقم آپ کے ادا کیے گئے ٹیکسوں کے ذریعے جمع کی جاتی ہے۔

ہم میں سے بہت سے لوگ اس بات سے ناواقف ہیں کہ ضلعی انتظامیہ کس طرح ایک ضلع میں رقم خرچ کرتی ہے۔تاہم انڈ ویجوئل لینڈ پاکستان نے "بلوچستان میں بہتر گورننس اور احتساب کے لئے عوامی شرکت " کے نام سے بلوچستان کے بارہ اضلاع میں ایک مہم کا آغاز کیا ہے جس کے مقاصد مندرجہ ذیل ہیں۔

- ضلعی بجٹ کے بارے میں شہریوں میں آگاہی پیدا کرنا
- ضلعی انتظامیہ کے اخراجات کا تجزیہ کرنے کے لئے شہریوں کو متحرک کرنا
- ضلع کے شہریوں کے تعاون سے "شہریوں کا بجٹ" تشکیل دینا

## ۲۰۱۴-۲۰۱۵ کا بجٹ

صحت، تعلیم، خواتین کی ترقی، امن وامان اور تعمیر و ترقی کے شعبوں میں مختص کیے گئے بجٹ کی تفصیلات یہ ہیں۔

### برائے صحت:

| اخراجات کی مد | ۲۰۱۳-۲۰۱۴ | ۲۰۱۴-۲۰۱۵ |
|---|---|---|
| صحت کا کل بجٹ | ۷۵،۲۰۴،۰۰۰ روپے | ۸۶،۴۳۶،۷۰۰ روپے |
| عوامی ہیلتھ انجینئرنگ (ایگزیکٹو انجینئر پی ایچ ای) | ۷۵،۲۰۴،۰۰۰ روپے | - |

### برائے تعلیم:

| اخراجات کی مد | ۲۰۱۳-۲۰۱۴ | ۲۰۱۴-۲۰۱۵ |
|---|---|---|
| تعلیم کا کل بجٹ | ۳۲۰،۳۴۳،۶۰۰ روپے | ۳۹۷،۸۲۰،۵۰۰ روپے |
| انتظامی امور اور معائنہ | ۲۷،۲۷۷،۶۰۰ روپے | ۱۴۱،۰۹۴،۹۰۰ روپے |
| پرائمری تعلیم | ۷۰،۹۶۷،۱۰۰ روپے | ۷۸،۹۴۶،۸۰۰ روپے |
| ثانوی تعلیم | ۶۹،۴۴۰،۶۰۰ روپے | ۷۷،۹۹۴،۷۰۰ روپے |
| ہائی اسکولز | ۷۵،۶۱۱،۶۰۰ روپے | ۱۶۶،۱۳۸،۳۰۰ روپے |
| گورنمنٹ انٹر کالج برائے طلباء | - | ۵،۲۹۵،۳۰۰ روپے |
| گورنمنٹ گرلز انٹر کالج | - | ۸،۵۹۰،۵۰۰ روپے |
| جی ڈی اے پبلک ہائر سکینڈری اسکول | - | ۱۹،۷۶۰،۰۰۰ روپے |

### برائے تعمیر و ترقی:

| اخراجات کی مد | ۲۰۱۳-۲۰۱۴ | ۲۰۱۴-۲۰۱۵ |
|---|---|---|
| کل بجٹ | ۱۳۰،۷۸۵،۵۰۰ روپے | ۱۴۹،۷۱۷،۵۵۳ روپے |
| ایگزیکٹو انجینئر- II / صوبائی بی اینڈ آر | ۱۲۱،۷۸۵،۵۰۰ روپے | ۱۴۰،۷۱۷،۵۵۳ روپے |
| جی۔اے کی عمارت | ۵،۰۰۰،۰۰۰ روپے | ۵،۰۰۰،۰۰۰ روپے |
| اے۔ون کی سڑک | ۵،۰۰۰،۰۰۰ روپے | ۴،۰۰۰،۰۰۰ روپے |

### برائے امن وامان:

| اخراجات کی مد | ۲۰۱۳-۲۰۱۴ | ۲۰۱۴-۲۰۱۵ |
|---|---|---|
| کل بجٹ | ۶۵،۲۴۲،۴۰۰ روپے | ۱۷،۰۶۴،۶۰۰ روپے |
| جیلیں | ۴،۱۶۶،۳۰۰ روپے | ۴،۸۳۳،۹۰۰ روپے |
| جی اے ڈی اینڈ ایس کیمپ آفس | ۱۳،۲۹۷،۰۰۰ روپے | ۱۵،۱۲۳،۰۰۰ روپے |
| ضلعی اٹارنی | ۲،۵۱۸،۹۰۰ روپے | ۳،۸۲۶،۰۰۰ روپے |
| انتظامی امور | ۴۵،۳۱۰،۲۰۰ روپے | ۴۷،۲۸۱،۷۰۰ روپے |

### خواتین کی ترقی:

| اخراجات کی مد | ۲۰۱۳-۲۰۱۴ | ۲۰۱۴-۲۰۱۵ |
|---|---|---|
| کل بجٹ | ۹،۹۵۶،۵۰۰ روپے | ۱۰،۷۳۱،۵۰۰ روپے |
| سلائی اور بنائی کا مرکز | ۱،۹۹۴،۳۰۰ روپے | ۲،۰۸۶،۲۰۰ روپے |
| چھوٹی صنعتیں (ٹیکنیکل ونگ) | ۱،۵۰۲،۱۰۰ روپے | ۱،۸۳۴،۶۰۰ روپے |
| دستکاری مرکز- I | ۲،۱۵۳،۳۰۰ روپے | ۲،۲۷۳،۵۰۰ روپے |
| دستکاری مرکز- II | ۲،۱۵۳،۳۰۰ روپے | ۲،۲۷۳،۶۰۰ روپے |
| دستکاری مرکز- III | ۲،۱۵۳،۳۰۰ روپے | ۲،۲۶۳،۶۰۰ روپے |

## سوشل آڈٹ ٹیم تشکیل دینا

آپ کے ضلع کے بارہ شہریوں کے ساتھ تربیتی ورکشاپ کے سیشن میں ہم نے مل کر گوادر کے ضلعی بجٹ کا تجزیہ کیا ہے۔ یہ بارہ شہری سوشل آڈٹ ٹیم ہیں جو کہ ہمارے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں۔ سوشل آڈٹ ٹیم کو مندرجہ بالا پانچ شعبوں کے بجٹ کے بارے میں آگاہی فراہم کرنے کے بعد چار ٹیموں میں تقسیم کیا گیا۔اس ٹیم کے اراکین نے سرکاری دفاتر میں جا کر معلومات لیں تاکہ مختص کردہ بجٹ جس مد میں مختص کیا گیا ہے کیا وہ کافی ہے؟ اور اس کا استعمال کس طریقے سے ہو رہا ہے؟